چمنستان

ظفر علی خاں

پبلشرز یونائیٹڈ، چوک انارکلی لاہور

کاپی رائٹ

بار اول ——— ۲۰۰۰

قیمت ——— پانچ روپے

۱۹۴۴ء

شیخ محمد نصیر ہمایوں سکرٹری پبلشرز و پبلشرز نے مرکنٹائل پریس لاہور میں
چھپوا کر پبلشرز یونائیٹڈ لاہور سے شائع کی۔

(۷۷)

احراریات

صدر مجلسِ احرار:۔

دو غم ہیں جہاں میں غمِ دُزد و غمِ کالا
دونوں کا جنازہ مری غربت نے نکالا

خواہش ہے یہ لالہ کی جپوں لالہ کی مالا
مالا کا ہر اک دانہ ہو پھر لولوءِ لالا

مَیں صدر ہوں احرار کا ممدوح مرا ہے
اک پیسہ بھی جس نے مرے کشکول میں ڈالا

جنرل سکرٹری مجلسِ احرار:۔

کونسل کی الکشن کی بلا ہو گئی نازل
ٹوٹا ہے مرے سر پہ مصیبت کا ہمالا

وہ پانسو مندر مری فہرست میں ہیں درج
اسلامیوں نے جن سے ہر اک بُت کو نکالا

گھنٹہ نہیں بجتا ہے مہادیو کا اُن میں
اُن سب میں ہمیشہ کے لئے پڑ گیا "تالا"

امیرِ شریعت احرار:۔

اک طفل پری رو کی شریعت فگنی نے
کل رات نکالا مرے تقوے کا دوالا

مَیں دین کا پُتلا ہوں وہ دُنیا کی ہے مورت
اُس شوخ کے نخرے میں مرا گرم مسالا

لاہور - ۲۶ - دسمبر ۱۹۳۶ء